Comune di
MEDICINA

Città Metropolitana di Bologna

# میدچینا میں خوش آمدید



نئے آمد لوگ
کے لیے رہبر

نئی شہریت کے لیے ذمہ دار بلدیہ کے رکن کونسل کی پہل
قدمی پر مختلف ملک سے آئے نئے شہریوں کی شرکت سے ان
کے لیے میدچینا بلدیہ نے یہ کتاب رہبر کے طور پر بنائی ہے۔
میدچینا میں خوش آمدید کا پانچ زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے
- عربی، انگریزی، فرانسیسی، اردو اور رومانیائی - اور میدچینا
کی بلدیہ کی سائٹ پر شائع کیا گیا ہے۔
ہر ایک خدمات اور کام سے وابستہ مزید معلومات کے لیے
مہیا Link کا استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

**عزیز ہم شہریوں،**

میدچینا کے تمام عوام اور بلدیہ کے جانب سے میں آپ سب کا استقبال کرنا چاہتا ہوں۔

آپ نے رہائش اختیار کرنے کے لیے اور آگے کی زندگی میں مکمل گزر بسر کرنے کے لیے میدچینا پسند کیا اس کے لیے آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میدچینا کی برادری ایکجٹ ہے، برادری میں شرکت اور زندہ دلی کا شدید احساس ہے۔ اس برادری کا حصہ محسوس کرنے کی بنیاد شہریوں اور ادارات کے درمیان نیک تعلقات ہیں۔

یہ سب کی ذمہ داری ہے کہ ہم نئے شہریوں کو، وہ جس کسی بھی جگہ یا ملک سے تعلق رکھتے ہوں، اپنے درمیان داخل کریں تاکہ ہر کوئی ہمارے شہر میں اپنی انسانی شراکت کر سکے۔ ایک برادری اپنا خیال رکھ سکے اور آئندہ آزمائش سے مقابلہ کر سکے اس کے لیے یہ اہم ہے کہ ایک دوسرے کو جانا جائے، صحبت ہو اور ایک دوسرے کی بات سنیں۔

بلدیہ نے جو خدمات اور مواقع مہیا کئے ہیں ان کی معلومات حاصل کرنے کے لیے یہ صفحات صرف ایک آغاز ہیں۔ باقی ہم مل جل کر تیار کرنا چاہتے ہیں۔

**آپ سب نئی اور نئے شہریوں کو دل سے خوش آمدید اور پڑھنے کا لطف لیں!**

میئر

**متیيو مونتاناری**
**Matteo Montanari**




# میدچینا کی داستان

میدچینا شہر، بولونیا سے روینا کی تاریخی راہ سان وتالے پر آباد ہوا اور رقبہ (160 $Km^2$ مربع کلومیٹر) کے طور پر میٹروپولیٹن شہر بولونیا کا دوسرا بلدیہ ہے، اس کے 11 حصہ یا بستی ہیں اور یہاں کی آبادی 16000 ہے۔






میٹروپولیٹن شہر بولونیا صوبے کا مرکزی شہر

بلدیہ میدچینا اور

حصہ / بستیاں :

Buda .1
Crocetta .2
Fantuzza .3
Fiorentina .4
Fossatone .5
Ganzanigo .6
Medicina .7
میدچینا، مرکزی شہر
Portonovo .8
San Martino .9
Sant’Antonio .10
Via Nuova .11
Villa Fontana .12

میدچینا میں کئی گرجا ہیں جن کی بناوٹ بولونیا کے
بروک انداز میں ہے اور ان کی گھنٹہ مناریں شہر کے
منظر کی خصوصیت ہیں۔ یہاں کے سب سے اہم کام
میں کھیتی کا کام ہے، خاص طور پر یہاں کے مخصوص
پیاز کی کھیتی۔ یہاں لگنے والے تمام میلوں میں سے
خاص ہے جولائی ماہ میں میدچینا کے مخصوص پیاز
کا تاریخی میلہ میدچیپوللا اور تین روز تک بذریعہ
ناٹک، میلہ، لذیذ عمدہ کھانا اور دعوت بارباروسا کی
تاریخی اداکاری۔
بذریعہ بولونیا کے ریڈیو فلکیات ادارہ زیر انتظام ریڈیو
فلکیات اسٹیشن یہاں کی خصوصیت ہے۔




# اس گائیڈ کتاب میں آپ کو اس پر مفید معلومات مہیا ہوگی :

صفحہ


| | |
|---|---|
| میدچینا میں رہائش اختیار کرنا | 8 |
| اسکول، تعلیم اور اطالوی زبان کے لیے کورس | 14 |
| صحت اور سماجی یا معاشرتی خدمات | 22 |
| سواری یا ٹراسنپورٹ | 26 |
| ثقافت | 27 |
| نوجوان اور رضاکارانہ کام | 31 |
| کھیل | 32 |







# میدچینا میں رہائش اختیار کرنا



**اگر آپ یو۔ ای۔ (یوروپی اتحاد) شہری ہیں تو آپ ایک برادری شہری ہیں :**

- اٹلی میں آمد کے لیے آپ کو وجہ کی ضرورت نہیں ہے، آپ کے پاس بس شناختی کارڈ یا پاسپورٹ ہونا چاہیئے اور اٹلی کے حکام کی درخواست پر ان کو یہ پیش کریں؛
- بنا کاغذ یا سرکاری کاروائی کرے بنا آپ کو اٹلی میں زیادہ سے زیادہ 3 ماہ رہنے کا حق ہے؛
- 3 ماہ سے زیادہ وقت رہنے کے لیے آپ کو بلدیہ کے رجسٹری دفتر یا اناگرپھے محکمہ میں رجسٹری کروانی ہوگی؛

**اگر آپ یو۔ ای۔ سے باہر کے شہری ہیں تو آپ ایک پردیسی شہری ہیں :**

وزارت کی ویب سائٹ دیکھیں ←

- اٹلی میں آمد کرنے سے پہلے اپنے پیدائشی ملک میں اٹلی کے کونسل دفتر میں ویزا کے لیے درخواست پیش کرنی ہوگی۔ اٹلی اور آپ کے ملک کے درمیان تعاون یا رضامندی کی بنیاد پر یہ ممکن ہے کہ آپ کو **آمد کے «ویزا»** کی ضرورت نہیں ہو؛
- قانونی طور پر رہائش اختیار کرنے کے لیے اٹلی میں آمد کرنے سے 8 کام کاج کے روز کے اندر آپ کو کویستورا یا پولس محکمہ سے **پرمیسو دی سوجورنو یا رہائشی اجازت** کی درخواست پیش کرنی ہوگی۔

**پرمیسو دی سوجورنو - پی ایس** : یہ وہ عنوان ہے جس سے اٹلی ریاست کے علاقے میں طے شدہ مدت کے لیے رہائش کا اور جس کام کے لیے اسے جاری کیا گیا ہے اس کو کرنے کا قانونی حق قائم ہوتا ہے۔

درخواست یا پرمیسو دی سوجورنو یا رہائشی اجازت کے ذریعہ آپ:

- **کودچے پھسکالے یا ٹیکس نمبر** حاصل کر سکتے ہیں؛

**کودچے پھسکالے - سی ایف یا ٹیکس نمبر:** میدچینا میں آپ کی زندگی کے مختلف کام کاج اور کارروائی کو انجام دینے کے لیے ٹیکس نمبر ضروری ہے (مثال کے طور پر، رجسٹری دفتر یا اناگرپھے محکمہ میں نام درج کروانا، بینک میں کھاتا کھولنا، مکان کا کرایہ، مکان میں بجلی پانی وغیرہ مہیا کرنا، رعایت اور سماجی یا معاشرتی مفادات حاصل کرنا، ٹیکس ادائیگی کرنا، وغیرہ)

- جس کام (مثال کے طور پر نوکری، تعلیم، ٹریننگ، وغیرہ) کے لیے ویزا جاری کیا گیا ہے وہ کر سکتے ہیں؛
- میدچینا بلدیہ میں رہائش کی درخواست پیش کر سکتے ہیں اور **کارتا دی ادینتتا یا شناختی کارڈ** حاصل کر سکتے ہیں؛

**کارتا دی ادینتتا - سی آئی یا شناختی کارڈ:** اس دستاویز، جس میں تصویر مشتمل ہے، سے حامل کی شناخت ثابت کرنے کا مقصد ہے اور یہ بلدیہ سے
(کاغذ پر، بذریعہ میگنیٹک کارڈ یا کمپیوٹر) جاری ہوتا ہے۔ تمام افراد ہمیشہ اپنا ذاتی شناختی کارڈ ضرور ساتھ رکھیں تاکہ انکی شناخت ہو سکے۔

- **سروسیو سنتاریو ناسیونالے (ایس ایس این) یا قومی صحت خدمات** کے لیے رجسٹری کر سکتے ہیں، **تیسیرا سنتاریا (ٹی ایس) یا صحت کارڈ** حاصل کر سکتے ہیں اور فیملی ڈاکٹر چن سکتے ہیں۔

**آپکی رہائش کے مقصد کے مدنظر آپ کے پرمیسو دی سوجورنو یا رہائشی اجازت کی قسم معلوم کرنے اور درخواست پیش کرنے کے لیے کویستورا یا پولس محکمہ سے رابطہ کریں۔**

کویستورا یا پولس محکمہ کی ویب سائٹ دیکھیں ←

**میہمان نوازی کا اعلان**: اگر آپ یوروپی اتحاد سے باہر کے شہری ہیں یا آپ شہریت سے محروم ہیں تو آپ کی آمد سے 48 گھنٹے کی حد گزر نے سے پہلے یہ اطلاع دینی ہوگی۔ یہ اطلاع بذریعہ میزبان یا مالک مکان دینی ہوگی۔

بلدیہ کی ویب سائٹ دیکھیں ←

**عمارت بخشنا**: اگر آپ کو میہمان نوازی کے تحت ایک عمارت یا اس کے حصہ کا استعمال کرنے کا واحد حق 1 ماہ سے زیادہ وقت کے لیے بخشا جاتا ہے تو اس کی اطلاع دینا آپ کا فرض ہے۔

### مزید معلومات کے لیے

**یو آر پی اور اداری اطلاع دفتر**
فون 0516979160
ای میل *urp@comune.medicina.bo.it*

## اٹلی کی شہریت

شہریت کے معنی ہے اٹلی ریاست میں سراسر مشتمل ہو کر اسکا حصہ بننا اور مکمل حقوق اور فرائض حاصل ہو سکیں یہ ممکن ہو جانا۔

بذریعہ شہریت آپ امیدوار بن کر الیکشن یا انتخاب میں حصہ لے سکتے ہیں، رکونجنجمینتو فیملیارے یا اپنا خاندان طلب کرنا آسان ہو جاتا ہے اور آگے بذریعہ آپ، آپ کی اولاد کو بھی شہریت عطا کی جا سکتی ہے۔

بذریعہ اٹلی کی شہریت آپ کو یوروپی شہریت بھی حاصل ہوگی، جس کی بنیاد پر آپ یوروپی اتحاد کے تمام ممالک میں آزادانہ طور پر آمد ورفت کر سکتے ہیں۔

آپ اٹلی کی شہریت اس طرح حاصل کر سکتے ہیں:

- بذریعہ **ماخذ**:
  - اگر آپ اٹلی کی شہریت کے حامل والد یا والدہ کے بیٹا یا بیٹی ہیں؛
  - اگر آپ پشت در پشت براہ راست اٹلی کے/کی کسی ایسے شہری کی اولاد ہیں جن کی شہریت برقرار رہی ہو (زور سانگئنس یا خون کا حق)۔
- بذریعہ **پیدائش**۔ اگر آپ اٹلی میں پیدا ہوئے تو شہریت تب حاصل کر سکتے ہیں، جب:
  - آپ کے والدین دونوں ہی نامعلوم یا شہریت سے محروم ہیں؛
  - آپ کی پیدائش سے 18 سال کی عمر تک آپ نے اٹلی میں، بےخلل، رہائش اختیار کی ہے اور آپ اعلان کرتے ہیں کہ 18 اور 19 سال کی عمر کے درمیان شہریت چاہتے ہیں۔۔

- بذریعہ **شادی**، بذریعہ **رہائش** یا پھر بالغ پردیسی شہری کو **گود** لینے کے بعد۔





**شہریت حاصل کرنے کی راہ کے پڑاؤ ہیں:**

**1. آپکی درخواست**

**2. اطلاع شہریت تسلیم کردہ فرامین**

**3. وفاداری کی قسم لینا**

# رہائش

رہائش کے معنی وہ جگہ ہے جہاں آپ عام طور پر رہتے ہیں۔ بذریعہ رہائش آپ رجسٹری یا اناگرپھے سے سرٹیفکیٹ یا صداقت نامہ لے سکتے ہیں اور آبادیاتی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔
جب سے آپکے رہنے کا پتہ تبدیل ہوا اس سے 20 روز گزرنے کی حد سے پہلے رجسٹری میں نام درج کرنے کی درخواست آپ رجسٹری دفتر یا اناگرپھے محکمہ میں خود حاضر ہو کر یا بذریعہ ڈاک یا ای میل پیش کر سکتے ہیں۔

میدچینا میں رہائش اختیار کرنے کے لیے آپکو درج ذیل ضروری ہے:

- **شہر میں عموما رہنے کی جگہ**
  (ایسا مقام جہاں مستقل طور پر بسنا ہے)؛
- جو گھر نشان زد کیا گیا اس میں **رہنے کا حق**
  (مثال کے طور پر، عمارت کا حق ملکیت، کرایہ داری کا اقرار نامہ، مالک مکان کی رضامندی، صرف مفت استعمال کی اجازت، وغیرہ)۔

**رہائش تبدیل کرنے کے لیے وابستہ ویب سائٹ کے صفحہ پر دیکھیں:**

**بلدیہ کے اندر**

اٹلی کے، یو۔ ای۔ اور یو۔ ای۔ سے باہر کے شہری ←

**دوسرے بلدیہ یا ملک سے**

اٹلی کے یا یو۔ ای۔ سے باہر کے شہری ←

برادری کے شہری ←

**مزید معلومات کے لیے**

**رجسٹری دفتر یا اناگرپھے محکمہ**
فون 0516979256
ای میل *anagrafe@comune.medicina.bo.it*

# میدچینا میں ووٹ دینا

اگر آپ میدچینا بلدیہ کی الیکشن فہرست میں باقاعدہ درج **اٹلی کے شہری** ہیں، تو آپ بلدیہ کے، صوبے کے اور عام انتخابات اور استصواب رائے کے لیے ووٹ دے سکتے ہیں۔

اگر آپ میدچینا کے اناگرپھے میں باقاعدہ درج **یو۔ ای۔ شہری** ہیں، تو آپ، بذریعہ درخواست، صرف بلدیہ کے اور یوروپی انتخابات کے لیے، اٹلی میں جہاں رہائش ہے اس بلدیہ میں ووٹ کے حق کا استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر آپ **یو۔ ای۔ سے باہر کے شہری** ہیں تو آپ ووٹ کے حق کا استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔


**الیکشن کارڈ حاصل کرنے کے لیے انتخابات دفتر سے رابطہ کریں۔**

### مزید معلومات کے لیے

**الیکشن یا انتخابات دفتر**

فون 0516979288


ای میل *elettorale@comune.medicina.bo.it*



# اسکول، تعلیم اور اطالوی زبان کے لیے کورس

اٹلی میں، تمام اٹلی کے شہریوں اور پردیسیوں کے لیے
**تعلیم** اور **ٹریننگ** کا حق/فرض موجود ہے۔

**تعلیم اور ٹریننگ:** ایسے پردیسی یا خارجہ شہری جو غیر قانونی طور پر رہتے ہیں، ان کو بھی لازمی اسکول میں اور 18 سال کی عمر تک اپنا نام درج کروانے کا حق ہے۔ ہر اسکول کے دفتر میں بس اس اسکول کے لیے نام درج کیا جاتا ہے اور، اسکول کے اپنے ضوابط کے مطابق، مخصوص دستاویزات پیش کرنے ہوتے ہیں۔
یوروپی شہریوں، چاہے وہ زبان کا علم رکھتے ہوں یا نہیں، کو تمام ممبران ریاستوں کے اسکول میں تعلیم پانے کا حق ہوبہو ان صورتحال کے مطابق ہی ہے، جن کے مطابق اس ریاست کے شہریوں کو تعلیم دی جاتی ہے۔ اٹلی کا نظام تعلیم آپ کے پیدائیشی ملک سے نہایت مختلف ہو سکتا ہے، تو اس وجہ سے تعلیمی قابلیت کی خودکار شناخت مقبولیت کا کوئی یوروپی طریق کار موجود نہیں ہے۔



اٹلی کے نظام تعلیم کے مختلف مراحل ہیں:

- **0-6 سال تک کا متحد نظام جس میں:**
  - دن میں دیکھ بھال مرکز یا نرسری اسکول اور؛
  - بستان الاطفال یا کنڈرگارٹن ہیں؛

- **تعلیم کا پہلا حصہ جس کے دوران:**
  - پانچ سال کی مدت (6-10 سال) والے ابتدائی اسکول/پرائمری اسکول اور؛
  - تین سال کی مدت (11-13 سال) والے ثانوی تعلیم پہلا درجہ اسکول/مڈل اسکول ہیں؛

- **تتعلیم کا دوسرا حصہ جس کے دوران:**
  - پانچ سال کی مدت (14 سے 18 سال تک) والے ثانوی تعلیم دوسرا درجہ اسکول/لائسیم، ٹیکنکل اور پیشہ ورانہ اسکول، اس کے اتمام پر سند یا ڈپلومہ حاصل ہوتا ہے، بذریعہ جس کے جامعہ کے درجے کی تعلیم کے لیے داخلہ مل سکتا ہے اور؛
  - 3 سال یا 4 سال کی مدت کے تعلیم اور پیشہ ورانہ ٹریننگ کورس (آئی۔ ای ۔ ایف۔ پی۔) ٹریننگ کورس کے اتمام پر ایک سرٹیفکیٹ یا صداقت نامہ حاصل ہوتا ہے، بذریعہ جس کے نوکری پیشہ میں داخلہ مل سکتا ہے یا پھر ڈپلومہ حاصل کرنے تک آگے 2 سال تعلیم برقرار رکھی جا سکتی ہے۔

# میدچینا کے اسکول

## دن میں دیکھ بھال مرکز یا نرسری اسکول

| | | |
|---|---|---|
| **Nido d’Infanzia Chiccodrillo**<br>Via Fabbri 1325<br>Sant’Antonio | **Nido d’Infanzia Coccinelle**<br>Via Gramsci 3 | **Nido d’Infanzia Girasoli**<br>Via Sillaro 17 |

اگر آپ ایک والدین یا سر پرست/رضاعی دیکھ بھال دہندہ ہیں اور آپ داخلہ پانے کے لیے درخواست پیش کرنا چاہتے ہیں، تو مقرر دن سے پہلے سائٹ کے وابستہ حصہ پر اون لائن عرضی مکمل کریں اور یہ حصہ میدچینا بلدیہ کی سائٹ پر اطلاع شائع ہونے پر چالو ہوگی

بلدیہ کی ویب سائٹ دیکھیں ←

**مزید معلومات کے لیے**

**تعلیمی خدمات دفتر**
فون 0516979247
ای میل *serviziallapersona@comune.medicina.bo.it*

## بستان الاطفال یا کنڈرگارٹن، ابتدائی اسکول اور ثانوی تعلیم پہلا درجہ اسکول

| | | |
|---|---|---|
| **Scuola dell’infanzia S. Antonio**<br>Via Fabbri 1325<br>Sant’Antonio | **Scuola dell’infanzia Succursale Calza**<br>Via Flosa 95 | **Scuola dell’infanzia L. Calza**<br>Viale Gramsci 1 |

**Scuola primaria Gino Zanardi**
Via Skofja Loka 6

**Scuola primaria Vannini**
Piazza A. Costa 13

**Scuola primaria Enzo Biagi**
Via Don Verlicchi 187

**Scuola secondaria G. Simoni**
Via Gramsci 2/A

مندرجہ بالا تمام اسکول میں داخلہ پانے کے لیے درخواست استتوتو کومپرینسوو (ایک علاقے میں کئی درجے کے اسکول کے لیے اتحادی ادارہ) «جی۔ سمونی» کے دفتر میں پیش کی جائیگی۔

**استتوتو کومپرینسوو کا دفتر**
Via Gramsci 2/a 40059 - Medicina
فون 0516970595
ای میل *BOIC867005@istruzione.it*

## پارتاریے یا برابر درجہ غیر سرکاری کنڈرگارٹن

**Scuola dell'infanzia Santi Angeli Custodi**
via Guazzaloca 39 - Ganzanigo
فون 051851516
ای میل *scuolaparitariaganzanigo@gmail.com*

**Scuola dell'infanzia S. Angelo Custode**
E. dalla Valle 9/a - Villafontana
فون 051853266
ای میل *asilo.villafontana@alice.it*

**Scuola dell'infanzia San Mamante**
Saffi 102 - Medicina
فون 051852850
ای میل *scuolasmamante.idapoli@gmail.com*

## ثانوی تعلیم دوسرا درجہ اسکول

میدچینا میں اطلاقی علوم کا سائنسی لائسیم یا ہائی اسکول اور تجارتی پیشہ ورانہ ہائی اسکول ہیں جو کہ بدریو کے استتوتو «جوردانو برونو» ماتحت ہیں۔

**مزید معلومات کے لیے**

**Istituto Superiore Giordano Bruno**

مرکزی دفتر, Viale I Maggio 5 - Budrio

فون 0516923911/0516923910
ای میل *bois00300a@istruzione.it*
*info@isibruno.istruzioneer.it*


ذیلی دفتر, Via Caduti di Cefalonia 57 - Medicina
فون 051852533

اگر آپ کو اسکول سے وابستہ خدمات (اسکول کینٹین، سواری، سبق سے پہلے اسکول آنا یا پریسکولا اور اسکول کی چھٹی کے بعد بھی ٹھہرنا یا دوپوسکولا) استعمال کرنے کی ضرورت ہے تو مندرجہ جیل سے رابطہ کریں:

**تعلیمی خدمات دفتر**

فون 0516979247 - 051697263 - 051697244

ای میل *serviziallapersona@comune.medicina.bo.it*



# بالغان کے لیے اطالوی زبان کے کورس

ملک کی زبان بولنے سے ہمیں اس سماج میں شریک ہونے کا موقع ملتا ہیں جس میں ہم رہتے ہیں، اور ہم بہ آسانی معلومات پوچھ سکتے ہیں اور اپنی ضروریات بہتر اظہار کر سکتے ہیں۔



زبان کے **علم کے مختلف درجے** ہیں اور اسے تین اہم طبقوں میں تقسیم کیا گیا ہے:

- بنیادی - درجہ اے؛
- خود مختاری - درجہ بی؛
- مہارت - درجہ سی۔

کچھ دستاویزات حاصل کرنے کے لیے اطالوی زبان کے آپکے علم کا درجہ جاننا اور اس کی تصدیق ضروری ہے۔ مثال کے طور پر، پرمیسو دی سوجورنو دی لنگا دراتا یا طویل مدتی رہائشی اجازت کے لیے درجہ اے2 اختیار میں ہونا ضروری ہے، جبکہ اٹلی کی شہریت کی درخواست پیش کرنے کے لیے درجہ بی 1 ہونا چاہئے۔

**میدچینا میں اطالوی زبان سیکھنے واسطے مفت کورس آپ کے لیے سی پی آئی اے (چینترو پرووِنچالے پیر استرسیونے دیلی ادلتی یا ڈویژن کا تعلیم بالغان مرکز) سرکاری اسکول میں کروایا جاتا ہے۔**

**مزید معلومات کے لیے**


**سی۔ پی۔ آئی۔ اے۔ دفتر**

فون 054224877

ای میل *bomm36200n@istruzione.it*

## کام نوکری اور راہبری

نوکری کے لیے روزگار دفتر میں نام درج کریں
اور اپنی تعلیم اور پیشہ ور تجربات کا
**بائیو ڈیٹا** تیار کریں

**بائیو ڈیٹا یا کریکلم وتے - سی وی**: اس دستاویز میں پیشہ ور اور ٹریننگ وابستہ تجربات کا بیورا ہوتا ہے اور نوکری کی امیدواری کے لیے اس کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یوروپی اتحاد کے شہریوں کو اتحاد کے کسی بھی ممبران ملک میں کام کرنے کا حق ہے۔
آپ اون لائن فراہم پھارم، مثال کے طور پر، *europass.cedefop.europa.eu* کی سائٹ پر، مکمل کر سکتے ہیں

روزگار دفتر میں آپ کو آپ کی قابلیت اور دلچسپی کے مناسب نوکری کھوجنے میں مدد کے لیے مفت خدمات مہیا ہوتی ہے۔

اٹلی میں کام نوکری پیشہ کرنے کے لیے **لازمی دستاویزات**:

- کودچے پھسکالے یا ٹیکس نمبر
- نوکری پیشہ کرنے کے لیے مجاز پرمیسو دی سوجورنو یا رہائشی اجازت (یو۔ ای۔ سے باہر کے شہریوں کے لیے)

روزگار قانون کے مطابق مناسب ہے، ایسا دستخط شدہ ملازمتی قرار نامہ کے ذریعہ سے یقینی ہو جاتا ہے۔ قرار نامہ **ماہانہ تنخواہ** اور **کام کی مدت کے گھنٹوں** کی سٹیک اور سہی معلومات دیتا ہے۔

بلدیہ میدچینا امولا کے دفتر ماتحت ہے۔
آپ کو یہ معلوم ہونا چاہیئے کہ تمام مراکز باہم منسلک
ہیں، لہذا صرف امولا میں اندراجی
کر کے صوبائی درجے پر بھی نیٹ ورک میں
شرکت ہو جاتی ہے۔


### مزید معلومات کے لیے

**روزگار دفتر**

Via Boccaccio 27 - Imola
فون 0542655301
ای میل *impiego.imola@regione.emilia-romagna.it*

اپنے کسی خود مختاری کاروباری کام کے آغاز کے لیے
سپورتیلو ان کو اتوتا پرودتوے یا برائے پیداواری کاروبار
یکتا کھڑکی ایس۔ یو۔ اے۔ پی۔ سے رابطہ کریں۔

**ایس۔ یو۔ اے۔ پی۔ دفتر**
فون 0516979242 - 0516979241
ای میل *suap@comune.medicina.bo.it*



# صحت اور سماجی یا معاشرتی خدمات

## اٹلی کی صحت خدمات

«اٹلی کے قانون کے تحت صحت کو فرد کے ایک بنیادی حق کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ اٹلی میں تمام باشندوں کوبذریعہ سروسیو سنتاریو ناسیونالے (ایس ایس این) یا قومی صحت خدمات صحت کے لیے خدمات مہیا ہیں۔ ایس ایس این سے دونوں فیس کی ادائیگی پر اور مفت صحت خدمات مہیا ہوتی ہیں۔ سروسیو سنتاریو ناسیونالے (ایس ایس این) یا قومی صحت خدمات میں آمد کے لیے **تیسیرا سنتاریا یا صحت کارڈ** ضروری ہے۔

**تیسیرا سنتاریا یا صحت کارڈ:** یہ دستاویز صحت خدمات (عام مرض کے ڈاکٹر، دوا خریدنا، خاص جانچ پڑتال کی بکنگ) میں آپ کا داخل ہونا ممکن کرتا ہے۔

**پھشیکولو سنتاریو ایلیترونکو - ایف ایس ای:**
صحت سے وابستہ الیکٹرانک دستاویز کے تحت صوبے کی صحت خدمات کے سرکاری ڈھانچوں سے مہیا خدمت (خاص جانچ پڑتال کے کاغذات، ہسپتال میں داخلہ سے چھٹی کے کاغذات، حادثات یا ہنگامی صورتحال محکمہ میں آمد) کے تمام ذاتی صحت کے دستاویز الیکٹرانک طور پر شامل ہوتے ہیں۔

**مزید معلومات کے لیے**

**امولا کی ازئیندا یو۔ایس۔ایل۔ کا یو۔آر۔پی۔**

فون 0542604121

ای میل *urp@ausl.imola.bo.it*



## علاقے کے ڈھانچے

### کاسہ دیلا سلوتے یا ڈاکٹری خدمات اور دوا خانہ

میدچینا بلدیہ ازئیندا سنتاریا دی امولا یا امولا صحت کمپنی کا حصہ ہے۔ میدچینا میں کاسہ دیلا سلوتے یا ڈاکٹری خدمات اور دوا خانہ موجود ہے۔
یہاں آپ:


- ضرورت کے وقت، بخار، دوا کے لیے درخواست اور خاص جانچ پڑتال کی بکنگ کے لیے عام مرض کے ڈاکٹر (فیملی ڈاکٹر) کو چن سکتے ہیں؛
- کونسلتوریو فملیارے یا خاندانی مشاورتی مرکز میں سپاسیو جووانی یا نوجوانوں کے لیے خدمات دفتر جا سکتے ہیں۔

**امولا کا اے یو ایس ایل دفتر کونسلتوریو فملیارے یا خاندانی مشاورتی کی خدمات مہیا کرتا ہے اور یہاں امراض نفسیات کے ڈاکٹر، امراض نسواں کے ڈاکٹر اور زچگی کے لیے دائی کی ایک ٹیم ہے جو مفت اور رازداری طور پر جانچ کرتے ہیں اور مشورہ دیتے ہیں**

**مزید معلومات کے لیے**

Via Saffi 1
فون 0516978711

## ASP - اے ایس پی - ازئیندا سروسی اعلیٰ پرسونا یا برائے فرد خدمات کمپنی



اگر آپ کو مختلف قسم کی سماجی امداد کی ضرورت ہے، تو اے ایس پی سے رابطہ کریں، وہ آپ کو خدمات حاصل کرنے کے لیے تمام معلومات فراہم کرینگے۔

**اے ایس پی کے زیر انتظام:**

- نابالغ بچہ، بالغ افراد اور بزرگوں کی بات اور مشکلات سننے کی حمایت کردہ **سماجی یا معاشرتی اور امدادی خدمات؛**
- **سپورتیلو سوچالے یا سماجی کھڑکی،** یہ امولا اور نزدیکی علاقے کی اے ایس پی زیر انتظام سماجی اور صحت خدمات حاصل کرنے کا اہم ذریعہ ہے، یہاں معلومات مہیا کی جاتی ہے اور شہریوں کی درخواست وابستہ دفتر میں روانہ کی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر کچھ مالی رعایتوں جیسے پانی، بجلی، گیس اور ٹیلیہیٹنگ کے کم دام، شہری اور غیرشہری سرکاری سواری میں رعایتی پاس، سرکاری مکان کے لیے درخواست کا انتظام کیا جاتا ہے؛
- **برائے پردیسی افراد خدمات اور استقبال،** جو سماجی کھڑکی کے طرز پر ہی انضمام کی حمایت کرتی ہیں۔ مثال کے طور پر آپ کو یہاں پرمیسو دی سوجورنو یا رہائشی اجازت، رکونجنجمینتو فیملیارے یا اپنا خاندان طلب کرنے، اٹلی کی شہریت حاصل کرنے کی درخواست جیسے دستاویز اور کارروائی کے لیے معلومات اور حمایت ملے گی۔ کھڑکی پر زبانی ثالث اور ترجمان خدمات بھی فراہم ہوتی ہیں؛

- **برائے نابالغ افراد خدمات** کے زیر انتظام، نابالغ اور خاندان کے واسطے، والدین ہونے کی حمایت کرنے کے مقصد سے، کم عمر (0 سے 8 سال تک بچہ کی ترقی کی عمر) میں سلامتی اور خوشحالی برقرار رکھنے کے لیے کارروائی ہوتی ہیں؛
- **برائے اپاہج افراد خدمات** جو جسمانی، جسمانی نفسیات یا پھر دماغی طور سے کمزوری کی وجہ سے لاچار لوگوں کی سماجی اور امدادی ضرورتوں کے لیے انتظام کردہ اور سماجی اور کامکاجی آمد کی حمایتی خدمت دیتی ہے؛
- سماجی طور پر کمزور افراد کے جانب خاص توجہ دہندہ خدمات، پیشہ ورانہ اور مالی وسائل فراہم کر سماجی اور کام کاج میں آمد کے لیے راہ طے شدہ کردہ اور نگرانی کے پہلو کے ساتھ ساتھ راہبری دہندہ **سماجی شمولیت کے لیے خدمات**؛
- خود انحصاری میں نا قابل ہو گئے بزرگ اور ان کے خاندان کو حمایت دہندہ **برائے بزرگان خدمات**.

**مزید معلومات کے لیے**

**اے ایس پی دیل چرکونداریو امولیسے - سیدے دی میدچینا / امولا اور نزدیکی علاقے کی اے ایس پی - میدچینا میں دفتر**

Via Saffi 73
فون 0516973900



# سواری یا ٹرانسپورٹ

## بس

میدچینا کا بس اڈہ ویا پھاوا میں ہے۔ بولونیا - میدچینا - لغو / کستیل گئیلپھو روٹ پر **99** نمبر کی بس اہم ہے جس سے بولونیا جانے کے لیے سواری قریب ہر تیس منٹ میں یقینی طور پر مل جاتی ہے Bologna - Medicina - Lugo / Castel Guelfo.

Tper ←

باقی بس روٹ:

200, 206, 211, 213: Medicina - Budrio - Bologna

247/248: Alberino - Medicina - Imola

256: Bologna - Medicina - Conselice

116: Medicina - Castel S. Pietro Terme

ٹرین اسٹیشن Stazione Treni

157: Medicina - Castel Guelfo - Imola

نیا ہاسپٹل Ospedale nuovo

## ٹرین

ریلگاڑی کا سب سے نزدیک اسٹیشن **کستیل سان پییترو تیرمے** ہے اور بذریعہ تیز رفتار ٹرین خدمات سے بھی یہاں سے یقینی طور پر رووینّا اور بولونیا کے جانب تیزی سے رابطہ ممکن ہے۔
بہ ذریعہ **116 نمبر بس** آپ میدچینا سے کستیل سان پییترو تیرمے ٹرین اسٹیشن جا سکتے ہیں۔


Trenitalia ←

**آپ سرکاری سواری کے لیے ٹکٹ اور پاس اسٹیشن پر اور اخبار کے اسٹینڈ یا پھر اون لائن خرید سکتے ہیں۔**

اپنے لیے **Roger app** حاصل کریں ←

# ثقافت

میدچینا میں **بلدیہ کتب خانہ**، **سرکاری عجائب گھر**، **تصویر گیلری** جہاں آلدو بورگونزونی کی تصویر ہیں، دو سرکاری تھئیٹر، **سالا دیل سپھپھراجو** اور **ماگازنو ویردے** اور بھی دوسرے ثقافتی مقام ہیں.



## بلدیہ کتب خانہ

قسم: خاص و عام کے لیے مطالعہ یا پڑھنے کا کتب خانہ.

سرگرمیاں: گائڈ کے ساتھ دورہ، اسکولوں کے لیے تعلیمی کورس دورہ، اونچی آواز میں پڑھنا، مصنفین یا نگار سے ملاقات.

شرکت: امولا ثقافتی ضلع کے کتب خانہ - 17

اپاہج افراد کے لیے راستہ: ہاں

شہر کے تاریخی مرکز میں سولھویں صدی کے آخر میں بنی عمارت پلازو دیلا کمنتا کی دوسری منزل پر بلدیہ کتب خانہ ہے۔ کتب خانہ میں آپ کے لیے قریب 25000 افسانہ اور غیر افسانہ کتاب ہیں۔ بچوں اور نوجوانوں کا حصہ، جوبذریعہ اسکول اور تعلیمی ادارات کی شرکت سے سرگرمیوں کی حمایت کرتا ہے، اس کے جانب خاص توجہ دی گئی ہے۔ میدچینا کے علاقے کی تاریخ، ثقافت اور فن اور ہنر وابستہ چھپی ہوئی کتابیں، ٹائپ دستاویزات، کتابچہ کا ایک خصوص حصہ موجود ہے جہاں علاقے کے مصنفین کی تحریروں کو بھی بٹورا گیا ہے۔

Palazzo della Comunità, Via Pillio 1 - Medicina |

## سرکاری عجائب گھر اور تصویر گیلری

قسم: چھوٹے عجائب گھر

سرگرمیاں:
گائڈ کے ساتھ دورہ، اسکولوں کے لیے تعلیمی کورس دورہ۔

اپاہج افراد کے لیے راستہ: ہاں

اس کے ذخیرے میں علاقے کی تاریخ کے لیے اہم اور قیمتی ثبوت ہیں، جیسے کہ آثار قدیمہ اور دیہاتی علاقوں کی وابستہ مثالی عقیدتمندانہ اور مقدس اشیاء یا چیزیں۔ لیٹ نامی ساز بنانے والے انسالدو پوججی کا شاندار کارخانہ اور ہسپتال کے انیسویں صدی کے دوا خانہ کا نمونہ جہاں سترہویں صدی کی چار ہربیریم یا سوکھی بوٹی کا ذخیرہ ہیں، یہ قابل ذکر ہیں۔ زمینی منزل پر کٹھپتلی کا ذخیرہ اور قنب کا کپڑا بُننے کا کرگھا موجود ہیں۔ عمارت کی تیسری منزل پر میدچینا کے مصور آلدو بورگونزونی (1913-2004) کے نام سے ان کی یاد میں تصویر گیلری ہے، یہاں ان کی بنی تصویروں کا ذخیرہ ہے اور دوسرے مشاہیر مصور جیسے تریللی، سارتیللی، رامبیللی، سکیپھانو کی تصویر ہیں۔

Palazzo della Comunità, Via Pillio 1 - Medicina

## تاریخی دفترخانہ

قسم: بلدیہ کا تاریخی دفترخانہ۔

خدمات: مفت۔

طریقہ: صرف بذریعہ بکنگ۔

اپاہج افراد کے لیے راستہ: نہیں

یہاں 1442-1950 کے درمیان کے کئی دستاویزات موجود ہیں۔ ان میں نیپولین کے وقت سے پہلے کے خاص قیمتی اہمیت حامل دستاویزات، خط، قرار نامہ، فرمان، کارروائی کے کاغذات، تاریخی ذکر شامل ہیں۔ یہاں خط و کتابت، پرچہ، وغیرہ کی دفتری نقول موجود ہیں جو اس وجہ دل چسپ ہیں کہ ان کے ذریعہ سترہویں سے اٹھارہویں صدی کے پہلے حصہ کے درمیان میدچینا کی خود مختاری ثابت ہوتی ہے؛ فوجی مسائل اور گواردیا ناسیونالے یا قومی محافظ سلسلہ سے وابستہ جو فوجی تاریخ کی تحقیق میں فائدہ رساں ہیں؛ پارتیچپانزا اگراریا یا کھیتی باڑی میں عام مالکیت کے محفوظ شدہ دستاویزات جو تاریخ تجارت سے وابستہ ہیں۔

Via Ercole Dalla Valle 77 - Villa Fontana

## مزید معلومات کے لیے

**عجائب گھر، تصویر گیلری، تاریخی دفترخانہ اور کتب خانہ دفتر**
فون 0516979209
ای میل *servizicultural@comune.medicina.bo.it*

## تھئیٹر اور ثقافتی مقام

**سالا تھئیترالے** (تھئیٹر ہال) دیل سپھپھراجو تاریخی
مرکز میں ہے۔ ہال میں 180 تماش بین بیٹھ سکتے ہیں۔
ہر سال یہاں تھئیٹر نمائش
(نثر، کیبرے، دیسی بولی میں ناٹک)، موسیقی کی
محفل اور فلمی نمائش کے منظم کئے جاتے ہیں۔

Via Libertà 60 - Medicina |

سالا تھئیترالے دیل
سپھپھراجو کی سائٹ ←

**ماگازنو ویردے**، 99 تماش بین کے لیے تھئیٹر ہال،
یہ پارکو دیلے موندینے (باغ) کے نزدیک ہے۔ یہاں
اسکول کے لیے تھئیٹر نمائش، بچوں کے لیے تھئیٹر اور
نوجوانوں اور بالغان واسطے تھئیٹر ورک شاپ منظم
کئے جاتے ہیں۔

Via dell’Osservanza - Medicina |

تھئیٹر ورک شاپ میں
شریک ہونے کے لیے
medicinateatro. it
سائٹ دیکھیں ←

باندا کمنالے یا بلدیہ
کے بینڈ کی سائٹ ←

**وللا پاسی**، بطور تاریخی اور فنکارانہ اہمیت حامل
قیمتی عمارت، اس میں کلاسیکل اور ماڈرن موسیقی
وابستہ سرگرمیاں ہوتی ہیں اور سماجی شمولیت
منصوبات کی میزبانی کی جاتی ہے۔

Via dell’Osservanza 84 - Medicina |



## جلسے اور میلے


میدچینا بلدیہ کئی جلسوں کو فروغ دیتی ہے، جیسے کہ، اجلاس، نمائش، کھانے اور وائن پر تقریبات، اور جن کا منظم رضاکارانہ اور علاقے کی دوسری انجمن کی شرکت سے بھی کیا جاتا ہے۔

**آپ جلسوں کا کلنڈر بلدیہ کی سائٹ دیکھ کر معلوم کر سکتے ہیں۔**

بلدیہ کی ویب سائٹ دیکھیں ←

**مزید معلومات کے لیے**

**ثقافت دفتر**
فون 0516979229
ای میل *volontariatocultura@comune.medicina.bo.it*





# نوجوان اور رضاکارانہ کام

برائے نوجوان اور رضاکارانہ بلدیہ کی پالیسیاں یا حکمت عملی نوجوانوں کے لیے اور علاقے میں رضاکارانہ سرگرمیوں کو فروغ دیتی ہیں اور انکی حمایت کرتی ہیں، اور قانونی مسائل پر خاص غور کیا جاتا ہے۔

میدچینا میں کئی مختلف رضاکارانہ انجمن اور برائے نوجوان مراکز موجود ہیں۔

**چینترو جووانلے یا برائے نوجوان افراد مرکز ″آریہ پاسی″** میل ملاقات کی جگہ ہے، یہاں 11 سے 18 سال کی عمر کے بچوں اور نوجوانوں کے لیے مفت رسائی ہے۔ یہ مرکز باہم وابستہ **چینتری جووانلی دیل تیرتوریو دیل چرکونداریو امولیسے یا امولا کے نزدیکی علاقے کے برائے نوجوان افراد مراکز** نیٹ ورک کا حصہ ہے۔

بلدیہ کی ویب سائٹ دیکھیں ←

Via dell’Osservanza 84 - Medicina |

**"ال لازاریتو'"** نامی جگہ کئی رضاکارانہ انجمن اور ایک مطالعہ ہال کی میزبان ہے۔

Via della Resistenza 166 - Medicina |

تاریخی مرکز اور بستیوں میں کئی سماجی یا معاشرتی مراکز موجود ہیں۔

**تمام ثقافتی اور برائے فروغ سیاحت انجمن کی معلومات جاننے کے لیے سائٹ پر صفحہ دیکھیں۔**

بلدیہ کی ویب سائٹ دیکھیں ←

# کھیل

میدچینا میں کئی طرح کے کھیل کی پیشکش ہے اور آپ مختلف کورس میں سے کوئی چن سکتے ہیں!



 وولیبال

 فٹبال

 سائکل چلانا

 باسکیٹ بال

 ناچ

 ٹینس

 فنکارانہ جمناسٹک

 تیر اندازی

 یوگ

 تیراکی

**اگر آپ ان کورس جن میں آپ داخلہ لے سکتے ہیں اور علاقے میں موجود کھیل کے کلب کی بابت مزید معلومات چاہتے ہیں، تو وابستہ صفحہ پر دیکھیں**

بلدیہ کی ویب سائٹ دیکھیں ←

## مزید معلومات کے لیے


**کھیل دفتر**

فون 0516979241

ای میل *sport@comune.medicina.bo.it*

متن بذریعہ میدچینا بلدیہ
مکیلے کتانی ، نئی شہریت کے لیے ذمہ دار بلدیہ کے رکن کونسل
نئے شہریوں کی شرکت سے

ڈیزائن اور ترتیب www.studiotalea.it
تصویر Lucia Grillini